# ترجمان اسلام آباد کیپیٹل پولیس

پبلک ریلیشن برانچ اسلام آباد کیپیٹل پولیس کی خصوصی اشاعت

Islamabad Police | بدھ 01 مئی 2024 | Islamabadpolice.gov.pk

| ٹیکنالوجی | | کرائم | | ٹریفک | | پکار-15 | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| کرایہ دار کا اندراج | 56390 | کل مقدمات | 101 | جرمانے کے چالان | 1717 | ایمرجنسی کال | 4089 |
| ملازمین کا اندراج | 55092 | گرفتار ملزمان | ---- | سنگین خلاف ورزی | 831 | بوگس کال | 3362 |
| گاڑیوں کی تصدیق | 21063 | یکسو چالان | ---- | مہلک حادثات | ---- | ایمرجنسی رسپانس | 305 |
| گمشدگی / برآمد | 13 | سٹاپ اینڈ سرچ | 5414 | ڈرائیونگ لائسنس | 278 | کم سے کم رسپانس ٹائم | 03 منٹ |
| جنرل ویریفکیشن | 96416 | اشتہاری مجرمان وعدالتی مفروران | 40 | لرننگ پرمٹ | 458 | زیادہ سے زیادہ رسپانس ٹائم | 08 منٹ |



## آئی جی اسلام آباد سید علی ناصر رضوی کا پولیس کے افسران کو درپیش محکمانہ اور ذاتی نوعیت کے مسائل کے بروقت اور ترجیحی بنیادوں پر حل کو یقینی بنانے کیلئے سنٹرل پولیس آفس میں اردل روم کا انعقاد



انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد سید علی ناصر رضوی نے اسلام آباد پولیس کے افسران کو درپیش محکمانہ اور ذاتی نوعیت کے مسائل کے بروقت اور ترجیحی بنیادوں پر حل کو یقینی بنانے کیلئے سنٹرل پولیس آفس میں اردل روم کا انعقاد کیا، جس میں مختلف ڈویژنز کے پولیس افسران نے شرکت کی، اردل روم میں پولیس افسران نے ذاتی اور سرکاری نوعیت کے مسائل آئی جی اسلام آباد کے سامنے رکھے، آئی جی اسلام آباد نے حل طلب مسائل کے حل کیلئے موقع پر ہی سینئر افسران کو احکامات جاری کئے جبکہ باقی مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر مکمل کرنے کی ہدایت کی، اس موقع پر انہوں نے کہا کہ پولیس ملازمین کی ویلفیئر کے لئے متعدد اقدامات کئے گئے ہیں جن میں رہائش، بہترین طبی سہولیات اور تعلیم کے معیار کو بہتر بنانا شامل ہیں، آپ کو کسی بھی قسم کا مسئلہ درپیش ہو تو میرے دفتر کا دروازہ آپ کے لئے ہمیشہ کھلا ہے، ہم سب نے مل کر اس شہر کی بہتری میں اپنا کردار ادا کرنا ہے، انہوں نے مزید کہا کہ اردل روم کے انعقاد کا مقصد پولیس افسران کی ویلفیئر، ذاتی و سرکاری مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر حل کرنے کے ساتھ ان کے مورال کو بلند کرنا ہے۔

## آئی جی اسلام آباد سید علی ناصر رضوی کی "نشہ !اب نہیں" تحریک کے تحت منشیات فروشوں کے خلاف بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والے پولیس افسران کے ساتھ ملاقات، اچھی ڈیوٹی سرانجام دینے پر پولیس افسران کو شاباش دی اور تعریفی اسناد سے نوازا


انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد سید علی ناصر رضوی کے خصوصی احکامات پر وفاقی دارالحکومت اسلام آباد میں منشیات کے خلاف " نشہ !اب نہیں" تحریک جاری ہے، اسلام آباد پولیس کے افسران شہریوں کو آگاہی دینے کے ساتھ منشیات فروشوں کے خلاف بھرپور کارروائیاں عمل میں لا رہیں ہیں، اس سلسلہ میں آئی جی اسلام آباد نے منشیات فروشوں کے خلاف بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والے پولیس افسران کے ساتھ سنٹرل پولیس آفس اسلام آباد میں ملاقات کی، انہوں نے اچھی ڈیوٹی سر انجام دینے پر پولیس افسران کو شاباش دی اور تعریفی اسناد سے نوازا، انہوں نے کہا کہ تمام پولیس افسران منشیات کے انسداد کے لئے اپنی کوششوں میں تیزی لائیں اور وفاقی دارالحکومت کو منشیات سے پاک شہر بنائیں۔





## اسلام آباد پولیس خدمت مراکز میں مہیا کی جانے والی خدمات پر فیسوں کا اطلاق

پولیس کی تمام سروسز میں بہتری لانے، انہیں مزید ڈیجیٹائز کرنے کے لئے دوسرے صوبوں کی طرز پر کم سے کم فیسوں کا اطلاق کر دیا گیا، پولیس خدمت مراکز سے حاصل شدہ آمدن سے نہ صرف خدمت خلق کے مختلف منصوبوں پر کام کیا جائے گا بلکہ شہدائے پولیس کی ویلفیئر کا بھی بھرپور انتظام کیا جائے گا۔



OFFICE OF THE
INSPECTOR GENERAL OF POLICE
ISLAMABAD
*****

No.3-217/F-6/FC16356-85/G/CPO    Dated: 29/04/2024

NOTIFICATION

Upon recommendation of Police Executive Board, Islamabad Police following Fees are hereby notified for various services rendered by ICT Police, Islamabad with immediate effect:-

| Sr.No. | Description of Services | Fee (in PKR) |
|---|---|---|
| 1. | Police Character Certificate | 1,000/- |
| 2. | Police General Verification | 1,000/- |
| 3. | Foreigner's Registration | 1,000/- |
| 4. | Motor Car Verification (Forensic) | 3,500/- |
| 5. | Motorcycle Verification | 1,000/- |
| 6. | Motor Car Verification | 1,500/- |

2. All concerned In-Charge's/Operator's posted in different facilitation center's shall ensure collection of above mentioned fee and deposit the same along with statement generated from their respective ID's in the welfare account of ICT Police.

3. This issues with the approval of Police Executive Board, Islamabad Capital territory Police.

AIG/General & Development
for Inspector General of Police
Islamabad

*Distribution:*

1. All DIG's/ICT Police, Islamabad.
2. All AIG's/ICT Police, Islamabad.
3. All SSP's/ICT Police, Islamabad.
4. SSP Operations, Islamabad
5. SSP (Safe City, Operations), ICT Police, Islamabad for necessary modification in the dashboards of Operators posted in Facilitation Centre's.
6. Accounts Officer, ICT Police, Islamabad, with the directions to ensure necessary compliance.
7. PRO, ICT Islamabad, for necessary publication.

اسلام آباد پولیس نے خدمت مراکز میں مہیا کی جانے والی خدمات پر فیسوں کے اطلاق کا فیصلہ کر لیا، اس سلسلہ میں اسلام آباد پولیس خدمت مراکز میں مہیا کی جانے والی پولیس کی تمام خدمات میں بہتری لانے، انہیں مزید ڈیجیٹائز کرنے کے لئے دوسرے صوبوں کی طرز پر کم سے کم فیسوں کا اطلاق کیا گیا ہے، انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد سید علی ناصر رضوی نے کہا کہ اسلام آباد پولیس نے شہریوں کو ان کی دہلیز پر خدمات مہیا کرنے کا عزم کر رکھا ہے، پولیس خدمت مراکز سے حاصل ہونے والی آمدن سے اسلام آباد میں خدمت مراکز کا جال بچھایا جائے، مزید اس آمدن سے حاصل شدہ انکم سے نہ صرف خدمت خلق کے مختلف منصوبوں پر کام کیا جائے گا بلکہ شہدائے پولیس کی ویلفیئر کا بھی بھرپور انتظام کیا جائے گا، انہوں نے مزید کہا کہ اسلام آباد پولیس شہیدوں اور غازیوں کی فورس ہے اور خدمت خلق کے تمام تقاضے ہر صورت پورے کرے گی۔

# آئی جی اسلام آباد سید علی ناصر رضوی کا DoorStep پالیسی کے تحت اسلام آباد کے شہریوں کے لیے بڑا اقدام

**اسلام آباد ٹریفک پولیس سمارٹ ڈیجیٹل وین نے اسلام آباد میں مختلف کالجز اور یونیورسٹیز میں شہریوں کو ان کی دہلیز پر ڈرائیونگ لرنر پرمٹ کی فراہمی کو یقینی بنانے کا آغاز کر دیا ہے، نوجوان جن کی عمر 18 سال ہو وہ ڈیجیٹل سمارٹ وین سے اپنا لرنر پرمٹ حاصل کر سکتے ہیں**








انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد سید علی ناصر رضوی کا DoorStep پالیسی کے تحت وفاقی دارلحکومت اسلام آباد کے شہریوں کے لیے بڑا اقدام، اس سلسلے میں اسلام آباد ٹریفک پولیس نے اپنے تمام تر وسائل بروئے کار لاتے ہوئے شہریوں کو تمام تر سفری سہولیات اور ڈرائیونگ لائسنس کے حصول کو آسان بنانے اور ان کی دہلیز پر فراہم کرنے کے لیے سمارٹ ڈیجیٹل وین کا آغاز کر دیا ہے، اس ضمن میں پہلے دن OPF کالج سیکٹر آئی ایٹ میں شہریوں کو ٹریفک لرنر پرمٹ جاری کیے گئے، اس موقع پر ایس ایس پی ٹریفک اسلام آباد محمد سرفراز ورک نے کہا کہ شہریوں کو ڈرائیونگ لائسنس کے متعلق تمام تر سہولیات ان کی دہلیز پر پہنچانا ترجیح ہے، انہوں نے مزید کہا کہ نوجوان جن کی عمر 18 سال ہے وہ ڈیجیٹل سمارٹ وین سے آپنا ڈرائیونگ لرنر پرمٹ حاصل کر سکتے ہیں، جبکہ 70 سال سے زائدالعمر بزرگ شہری ہیلپ لائن نمبر 03111101915 پر کال کر کے گھر پر یہ تمام سہولت حاصل کر سکیں گے، شہریوں سے اپیل ہے کہ وہ بغیر ڈرائیونگ لائسنس بالکل گاڑی یا موٹر سائیکل نہ چلائیں اور اسلام آباد ٹریفک پولیس سے تعاون کریں۔

# انٹرنیشنل اسلامک یونیورسٹی اسلام آباد کے شعبہ پولیٹیکل سائنس کے طلباء کا سنٹرل پولیس آفس کا دورہ

**آئی جی اسلام آباد سے ملاقات، آئی جی اسلام آباد نے طلباء کو منشیات کے نقصانات اور سدباب کے حوالے سے آگاہی لیکچر دیا اور شرکاء کے سوالات کے جوابات دیئے، طلباء کے وفد نے نشہ! اب نہیں تحریک میں اسلام آباد پولیس کے ساتھ بھرپور تعاون کی یقین دہانی بھی کروائی**








انٹرنیشنل اسلامک یونیورسٹی اسلام آباد کے شعبہ پولیٹیکل سائنس کے طلباء نے سنٹرل پولیس آفس اسلام آباد کا دورہ کیا اور انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد سید علی ناصر رضوی سے ملاقات کی، اس موقع پر اسلام آباد پولیس کے سینئر افسران سمیت طلباء کی بڑی تعداد موجود تھی، اس سلسلے میں آئی جی اسلام آباد علی ناصر رضوی نے طلباء کے وفد کو منشیات کے نقصانات اور روک تھام کے حوالے سے آگاہی لیکچر دیا، انہوں نے کہا کہ نوجوان خاص کر طلباء کیلئے منشیات کا استعمال انکی صحت اور مستقبل دونوں کیلئے تباہ کن ہے، طلباء خود کو بھی اس ناسور سے بچائیں اور اپنے اردگرد کے افراد کو بھی منشیات جیسی لعنت سے بچانے میں اپنا کردار ادا کریں، انہوں نے تعلیمی اداروں کی انتظامیہ سے گزارش کی کہ وہ سیمینار کے ذریعہ اسلام آباد پولیس کی طرف سے وفاقی دارلحکومت اسلام آباد میں منشیات کیخلاف جاری" نشہ اب نہیں " تحریک میں تعاون کریں، تاکہ نوجوان نسل کو اس سے محفوظ کیا جا سکے، دوران لیکچر آئی جی اسلام آباد نے شرکاء کے سوالات کے جوابات بھی دیئے اور انہیں منشیات کے سدباب کے لئے اسلام آباد پولیس کی قانونی کارروائیوں کے متعلق آگاہی دی، انہوں نے مزید کہا کہ اسلام آباد پولیس منشیات فروشی جیسے گھناؤنے کاروبار میں ملوث عناصر کو ہر صورت قانون کے کٹہرے میں لائے گی، انہوں نے مزید کہا کہ شہریوں کے تعاون سے اسلام آباد پولیس شہر کو امن کا گہوارہ بنانے میں تمام تر وسائل بروئے کار لا رہی ہے، تقریب کے اختتام پر آئی جی اسلام آباد طلباء کے ساتھ گھل مل گئے اور طلباء کے وفد نے نشہ! اب نہیں تحریک میں اسلام آباد پولیس کے ساتھ بھرپور تعاون کی یقین دہانی بھی کروائی۔


## آئی جی اسلام آباد سید علی ناصر رضوی نے ڈولفن سکواڈ کی تنظیم نو کر دی،

**ڈولفن ایمرجنسی ریسپانس یونٹ میں نوجوان پولیس افسران کو تعینات کیا گیا ہے، ان افسران کی شعبہ جاتی تربیت بھی پولیس لائنز میں شروع کر دی گئی ہے، ڈولفن کی تنظیم نو کا مقصد پٹرولنگ کو موثر بنانا ہے۔**

تفصیلات کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد سید علی ناصر رضوی نے اسلام آباد پولیس ڈولفن اسکواڈ کی تنظیم نو کر دی، آئی جی اسلام آباد کے احکامات پر ڈولفن ایمرجنسی ریسپانس یونٹ میں 700 نوجوان پولیس افسران کو تعینات کیا گیا ہے، ان افسران کی شعبہ جاتی تربیت بھی پولیس لائنز ہیڈ کوارٹرز میں شروع کر دی گئی ہے، آئی جی اسلام آباد نے کہا کہ ڈولفن سکواڈ کی تنظیم نو کا مقصد وفاقی دارلحکومت میں پٹرولنگ کو موثر بنانا ہے، اسلام آباد پولیس شہریوں کی سکیورٹی کے لئے بھرپور اقدامات عمل میں لا رہی ہے، شہر میں جرائم کے سدباب کے لئے ڈولفن سکواڈ کا کردار انتہائی اہم ہے۔

## ایس ایس پی انسداد دہشتگردی ڈیپارٹمنٹ کا سی ٹی ڈی کمپلیکس کا دورہ





ایس ایس پی انسداد دہشتگردی ڈیپارٹمنٹ اقبال خان نے سی ٹی ڈی کمپلیکس کا دورہ کیا، ایس ایس پی سی ٹی ڈی نے کمپلیکس میں تعینات تمام سٹاف سے تعارفی ملاقات کی اور مختلف شعبوں کے بارے میں تفصیلی بریفنگ لی، انہوں نے تمام برانچز کا وزٹ کیا اور مزید بہتری کیلئے مناسب ہدایات جاری کیں، افسران سے ملاقات کے دوران انہوں نے کہا کہ سب کو واضح ہونا چاہئے کہ ہم سب نے مل کر قانون کی پاسداری اور شہریوں کی جان و مال کے تحفظ کو یقینی بنانا ہے، اس کے ساتھ اپنے فرائض منصبی کو احسن طریقے سے سرانجام دینا ہے اور اس سارے عمل میں میرے سمیت کوئی بھی قانون سے بالاتر نہیں، انہوں نے مزید کہا کہ اگر کوئی سمجھتا ہو کہ وہ یونیفارم کی طاقت کا غلط استعمال کرے گا تو یہ ہرگز قابل قبول نہیں ہوگا، ہم ایک ٹیم کے طور پر کام کریں گے اور وہی افسر ہماری ٹیم کا حصہ رہے گا جو پولیس رولز کے تحت اپنے فرائض کو بطریق احسن سرانجام دے گا۔ انشاء اللہ ہم سب ملکر ایک ٹیم کے طور اپنے فرائض سرانجام دیں گے۔

# ڈی آئی جی سکیورٹی ڈویژن اویس احمد کے اعزاز میں سنٹرل پولیس آفس میں الوداعی تقریب کا انعقاد

**آئی جی اسلام آباد نے ڈی آئی جی اویس احمد سے ملاقات کی اور اسلام آباد پولیس میں تعیناتی پر خدمات کو سراہا اور ان کیلئے نیک خواہشات کا اظہار کیا**



اسلام آباد پولیس سے ٹرانسفر ہونے والے ڈی آئی جی سکیورٹی ڈویژن اویس احمد کے اعزاز میں سنٹرل پولیس آفس میں الوداعی تقریب کا انعقاد کیا گیا، جس میں انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد سید علی ناصر رضوی سمیت سینئر پولیس افسران نے ملاقات کی، آئی جی اسلام آباد سید علی ناصر رضوی نے ڈی آئی جی سکیورٹی اویس احمد کو اسلام آباد پولیس کے مختلف ڈویژن میں تعیناتی پر ان کی خدمات کو سراہا اور کہا کہ ایک اچھا پولیس آفیسر وہ ہے جو اپنے فرائض منصبی بطریق احسن ادا کرے اور ایک لیڈر کے طور پر ہمیشہ فرنٹ پر رہ کر اپنے ماتحتوں کو لیڈ کرے، انہوں نے نئی تعیناتی پر ڈی آئی جی سکیورٹی اویس احمد کو مبارکباد دی اور انکے کیلئے نیک خواہشات کا اظہار کیا، ڈی آئی جی سکیورٹی اویس احمد نے اسلام آباد پولیس میں بطور ڈی آئی جی ہیڈ کوارٹرز، ڈی آئی جی آپریشنز اور ڈی آئی جی سکیورٹی اپنے فرائض منصبی سرانجام دیئے۔

# ایس پی جوڈیشل پروٹیکشن یونٹ اقبال خان کا عدالتوں میں تعینات پولیس افسران کی کارکردگی کا جائزہ





سپریم کورٹ میں ڈیوٹی پر مامور افسران کو بریفنگ دی اور پوری تندہی سے اپنی ڈیوٹی سرانجام دینے کی ہدایت کی۔ انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد سید علی ناصر رضوی کے خصوصی احکامات کی روشنی میں ایس پی جوڈیشل پروٹیکشن یونٹ اقبال خان نے سپریم کورٹ آف پاکستان کی سکیورٹی ڈیوٹی پر تعینات پولیس افسران کی کارکردگی کا جائزہ لیا اور انہیں بریفنگ دی، انہوں نے سکیورٹی ڈیوٹی پر مامور افسران کو فرائض منصبی کی نوعیت اور موجودہ حالات کے پیش نظر الرٹ رہنے کے احکامات جاری کیے، امن و امان کی صورتحال کو برقرار رکھنے اور کسی بھی ناخوشگوار واقع سے بروقت نمٹنے کیلئے ہمہ وقت تیار رہنے اور پیشہ ورانہ ذمہ داریوں کو بہتر طریقے سے ادا کرنے کی ہدایت کی، انہوں نے کہا کہ اسکواڈ ڈیوٹی سرانجام دینے والے افسران دوران آمد و رفت الرٹ رہیں اور مشکوک افراد پر کڑی نظر رکھیں، تمام افسران صاف ستھری یونیفارم زیب تن کریں اور محکمانہ نظم و ضبط پر سختی سے عمل درآمد کریں، اسلام آباد پولیس وفاقی دارالحکومت میں امن و امان کی صورتحال کو برقرار رکھنے کے لئے تمام تر ذمہ داریاں نبھا رہی ہے، شہریوں کی جان و مال کا تحفظ اسلام آباد پولیس کی اولین ترجیحات میں شامل ہے۔

# سیف سٹی اسلام آباد کی جرائم پیشہ عناصر کے خلاف موثر کارروائیاں جاری

**سیف سٹی اسلام آباد کے جدید سافٹ ویئرز کی مدد سے شہریوں، کرایہ داروں اور گھریلو ملازمین کے کوائف کا اندراج کیا جارہا ہے جبکہ ان جدید سافٹ ویئرز کی مدد سے رواں سال 26 مجرمان کو گرفتار کر کے مختلف تھانہ جات منتقل کیا گیا**



ڈی آئی جی سیف سٹی/ٹریفک کی زیرنگرانی سیف سٹی اسلام آباد شہریوں کی حفاظت، شہر کی موثر نگرانی کی ساتھ جرائم پیشہ عناصر کے خلاف بھی موثر کارروائیاں عمل میں لا رہا ہے، سیف سٹی کا کمانڈ اینڈ کنٹرول سنٹر جدید سافٹ ویئرز کی مدد سے شہریوں، کرایہ داروں اور گھریلو ملازمین کے کوائف کا اندراج عمل میں لا رہا ہے، اس سلسلہ میں رواں سال ہوٹل آئی سافٹ ویئر میں 4 لاکھ 55ہزار 937 شہریوں، کرایہ داری اور گھریلو ملازمین رجسٹریشن سافٹ ویئر میں 26ہزار 500 اور انٹری ایگزٹ مینجمنٹ سسٹم میں 24ہزار 513 شہریوں کے کوائف کا اندراج کیا گیا جبکہ ان جدید سافٹ ویئرز کی مدد سے رواں سال 26 مجرمان کو گرفتار کر کے مختلف تھانہ جات منتقل بھی کیا گیا، ڈی آئی جی سیف سٹی / ٹریفک نے کہا کہ سیف سٹی اسلام آباد کے قیام کا مقصد نہ صرف شہر میں جرائم کی شرح کو کم کرنا ہے بلکہ شہریوں کو بہترین سہولیات مہیا کرنا ہے، سیف سٹی کمانڈ اینڈ کنٹرول سنٹر میں جہاں مشکوک سرگرمیوں کی نگرانی کی جاتی ہے وہیں پر ای چالان، موثر ٹریفک مینجمنٹ، ڈیٹا اینالائزنگ، جرائم پیشہ افراد کے چہروں کی شناخت، آٹو نمبر پلیٹ ریڈر اور ہوٹل آئی جیسے مفید سافٹ ویئرز کے استعمال سے جرائم کی شرح کو کم کیا جاتا ہے، انہوں نے مزید کہا کہ ہوٹل آئی ایک ایسا سافٹ ویئر ہے جس کے تحت شہر میں موجود ہوٹلز، ہاسٹلز اور شیلٹر ہومز میں رہائش پذیر ہونے والے ہر فرد پر نظر رکھی جاتی ہے، شہری کسی بھی مشکوک شخص یا سرگرمی کے متعلق اطلاع اسلام آباد پولیس کی ہیلپ لائن "پکار–15" یا 'آئی سی ٹی-15' ایپ پر دیں۔

## آئی جی اسلام آباد سید علی ناصر رضوی کے خصوصی احکامات پر پیشہ ور بھکاریوں کے خلاف آپریشن جاری،

**اسلام آباد پولیس نے گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران 51 پیشہ ور بھکاریوں کو گرفتار کر لیا، پیشہ ور بھکاریوں کے خلاف مقدمات درج، جبکہ کم عمر بچوں کو فلاحی سنٹرز منتقل کر دیا گیا۔**

انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد سید علی ناصر رضوی کے خصوصی احکامات پر اسلام آباد پولیس نے پیشہ ور بھکاریوں کے خلاف آپریشن شروع کر دیا، اسلام آباد پولیس نے گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران مختلف علاقوں میں پیشہ ور بھکاریوں اور ان کے سہولت کاروں کے خلاف آپریشن کرتے ہوئے 51 پیشہ ور بھکاریوں کو گرفتار کر کے ان کے خلاف مقدمات درج کر لیے جبکہ کم عمر بچوں کو فلاحی سنٹر منتقل کر دیا گیا، ڈی آئی جی آپریشنز سید شہزاد ندیم بخاری نے زونل ایس پیز کو واضع احکامات دیئے کہ وہ بھکاریوں کے خلاف روزانہ کی بنیاد پر اپنی زیرِ نگرانی آپریشن جاری رکھیں، انہوں نے شہریوں سے گزارش کی کہ وہ اپنے صدقات پیشہ ور بھکاریوں کو ہرگز نہ دیں اور ان کی حوصلہ شکنی کریں، اگر آپ کو تجارتی مراکز اور رہائشی علاقوں میں پیشہ ور بھکاری نظر آئیں تو فوری "پکار-15" پر پولیس کو اطلاع دیں، انہوں نے مزید کہا کہ اسلام آباد پولیس کی اولین ترجیح عوام کی جان و مال کی حفاظت ہے۔

## قتل و دیگر سنگین جرائم میں ملوث مجرمان اشتہاری اور عدالتی مفروران کی گرفتاری کے لیے بڑے پیمانے پر کریک ڈاون جاری

انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد سید علی ناصر رضوی کے خصوصی احکامات کی روشنی میں اسلام آباد پولیس کا سنگین جرائم میں ملوث مجرمان اشتہاری اور عدالتی مفروران کی گرفتاری کے لیے بڑے پیمانے پر کریک ڈاون جاری ہے، گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران پولیس ٹیموں نے سنگین جرائم میں ملوث 13 اشتہاری مجرمان کی گرفتاری عمل میں لائی، اشتہاری اور عدالتی مفروران کے خلاف مہم کو مزید موثر بناتے ہوئے مجرمان کو گرفتار کر کے قانون کے کٹہرے میں لایا جائے، شہریوں کے جان و مال کا تحفظ اسلام آباد پولیس کی اولین ذمہ داری ہے، انہوں نے کہا کہ کسی قسم کی غفلت ولاپرواہی برداشت نہیں کی جائے گی، تمام پولیس افسران تلاشی اور جانچ پڑتال کو مزید موثر بنائیں اور جرائم کی بیخ کنی کے لئے تمام تر ضروری اقدامات کرتے ہوئے جرائم پیشہ مجرمان اور مقدمات میں نامزد ملزمان کے گرد گھیرا تنگ کریں اور ان کو گرفتار کر کے جلد مقدمات کو یکسو کریں، ڈی آئی جی اپریشنز سید شہزاد ندیم بخاری نے کہا کہ اسلام آباد پولیس شہریوں کے جان و مال کے تحفظ کے لئے تمام تر وسائل بروئے کار لا رہی ہے، شہریوں سے بھی گزارش ہے کہ وہ پولیس کے ساتھ تعاون کریں اور کسی بھی مشکوک چیز یا سرگرمی کے بارے میں متعلقہ تھانہ، ایمرجنسی ہیلپ لائن پکار–15" یا" آئی سی ٹی ایپ-15" پر فوری اطلاع دیں۔

# وفاقی دارالحکومت میں منشیات فروشوں اور جرائم پیشہ عناصر کے خلاف موثر کریک ڈاؤن جاری ہے

**گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران 24 منشیات فروشوں کو گرفتار کرلیا گیا، گرفتار ملزمان کے قبضہ سے بھاری مقدار میں چرس، ہیروئن، آئس اور کھلی شراب برآمد، ملزمان کیخلاف مختلف تھانہ جات میں مقدمات درج، مزید تفتیش جاری ہے**




انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد سید علی ناصر رضوی کے خصوصی احکامات کی روشنی میں اسلام آباد پولیس کی وفاقی دارالحکومت کو منشیات سے پاک کرنے اور نوجوان نسل کو منشیات کی لعنت سے محفوظ رکھنے کے لئے خصوصی "نشہ اب نہیں" تحریک جاری ہے، ان احکامات کی روشنی میں گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران پولیس ٹیموں نے مختلف قانونی کارروائیوں کے دوران 24 منشیات فروشوں کی گرفتاری عمل لائی، تھانہ کوہسار پولیس نے ملزم بلال کو گرفتار کرکے اس کے قبضہ سے 540 گرام ہیروئن برآمد کرلی، تھانہ کراچی کمپنی پولیس نے ملزم نذیر مسیح کو گرفتار کرکے اس کے قبضہ سے 10 لیٹر شراب برآمد کرلی، تھانہ رمنا پولیس نے دو ملزمان عثمان اور محمد مبین کو گرفتار کرکے ان کے قبضہ سے 143 گرام آئس برآمد کرلی، تھانہ سنبل پولیس نے دو ملزمان عدنان اور اعجاز کو گرفتار کرکے ان کے قبضہ سے 520 گرام چرس اور 110 گرام ہیروئن برآمد کرلی، تھانہ ترنول پولیس نے چار ملزمان محمد سجاد، ساجد محمود، محمد فیصل اور نجیب اللہ کو گرفتار کرکے ان کے قبضہ سے 2,540 گرام ہیروئن اور 333 گرام آئس برآمد کرلی، تھانہ انڈسٹریل ایریا پولیس نے ملزم شکیل کو گرفتار کرکے اس کے قبضہ سے 20 لیٹر شراب برآمد کرلی، تھانہ سبزی منڈی پولیس نے دو ملزمان شرافت حسین اور عاطف منیر کو گرفتار کرکے ان کے قبضہ سے 110 گرام ہیروئن اور 55 گرام آئس برآمد کرلی، تھانہ کھنہ پولیس نے ملزم قیصر حفیظ کو گرفتار کرکے اس کے قبضہ سے 110 گرام آئس برآمد کرلی، تھانہ کرپا پولیس نے ملزم محمد افتخار کو گرفتار کرکے اس کے قبضہ سے 25 گرام آئس برآمد کرلی، تھانہ لوہی بھیر پولیس نے دو ملزمان رضوان حفیظ اور شاہ زیب مسیح کو گرفتار کرکے ان کے قبضہ سے 600 گرام آئس برآمد کرلی، تھانہ پھلگراں پولیس نے ملزم نبیل کو گرفتار کرکے اس کے قبضہ سے 530 گرام ہیروئن اور 50 گرام آئس برآمد کرلی، تھانہ بہارہ کہو پولیس نے ملزم شہزاد کو گرفتار کرکے اس کے قبضہ سے 1,068 گرام چرس برآمد کرلی، تھانہ نیلور پولیس نے دو ملزمان یاسر اور استخار الحق کو گرفتار کرکے ان کے قبضہ سے 1,340 گرام ہیروئن برآمد کرلی، تھانہ شہزاد ٹاؤن پولیس نے تین ملزمان بہرام خان، خالد میر اور افتخار حسین کو گرفتار کرکے ان کے قبضہ سے 1,094 گرام ہیروئن، 57 گرام آئس اور 20 لیٹر شراب برآمد کرلی، گرفتار ملزمان کے خلاف مختلف تھانہ جات مقدمات درج کرکے مزید تفتیش شروع کر دی گئی، ڈی آئی جی آپریشنز سید شہزاد ندیم بخاری نے کہا کہ اسلام آباد کیپیٹل پولیس منشیات و شراب فروشی جیسے گھناؤنے کاروبار میں ملوث عناصر کو ہر صورت قانون کے کٹہرے میں لائے گی، شہریوں کے تعاون سے اسلام آباد کیپیٹل پولیس شہر کو امن کا گہوارہ بنانے میں تمام تر وسائل بروئے کار لارہی ہے، شہری کسی بھی مشکوک شخص یا سرگرمی کے متعلق اپنے متعلقہ تھانہ، ایمرجنسی ہیلپ لائن "پکار-15" یا "آئی سی ٹی-15" ایپ پر فوری اطلاع دیں۔




## تھانہ انڈسٹریل ایریا اور تھانہ آبپارہ پولیس ٹیموں نے موٹر سائیکل چوری کی متعدد وارداتوں میں ملوث دو گروہوں کے چار ارکان کو گرفتار کرلیا




انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد سید علی ناصر رضوی کے خصوصی احکامات کی روشنی میں اسلام آباد پولیس کا وفاقی دارالحکومت میں موٹر سائیکل چوری کی وارداتوں میں ملوث ملزمان کیخلاف بلا تفریق کارروائیوں کا سلسلہ جاری ہے، اس سلسلے میں اسلام آباد پولیس تھانہ انڈسٹریل ایریا پولیس نے موثر کارروائی کرتے ہوئے تکنیکی اورانسانی ذرائع کی مدد سے موٹر سائیکل چوری کی متعدد وارداتوں میں ملوث منظم گروہ کے تین ارکان کو گرفتار کرلیا، گرفتار ملزمان کے قبضہ سے لاکھوں روپے مالیت کے پانچ مسروقہ موٹر سائیکل اور وارداتوں میں استعمال ہونے والا اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد کرلیا گیا، گرفتار ملزمان کی شناخت عبداللہ، وسیم اختر اور شان مسیح کے ناموں سے ہوئی ہے، ابتدائی تفتیش کے دوران گرفتار ملزمان نے تھانہ انڈسٹریل ایریا کے علاقے میں متعدد وارداتیں کرنے کا انکشاف کیا ہے، ملزمان سے مزید تفتیش جاری ہے، جبکہ تھانہ آبپارہ پولیس نے موثر کارروائی کرتے ہوئے تکنیکی اور انسانی ذرائع کی مدد سے موٹر سائیکل چوری کی متعدد وارداتوں میں ملوث گروہ کے اہم رکن کو گرفتار کرلیا، گرفتار ملزم کے قبضہ سے لاکھوں روپے مالیت کے تین مسروقہ موٹر سائیکل برآمد کرلیے گئے، گرفتار ملزم کی شناخت اعجاز احمد کے نام سے ہوئی ہے، ابتدائی تفتیش کے دوران گرفتار ملزم نے متعدد وارداتیں کرنے کا انکشاف کیا ہے، ملزم سے مزید تفتیش جاری ہے، ڈی آئی جی آپریشنز سید شہزاد ندیم بخاری نے کہا کہ اسلام آباد پولیس شہریوں کی جان و مال کے تحفظ کیلئے تمام تر ممکنہ اقدامات اٹھا رہی ہے، کسی بھی جرائم پیشہ عناصر کو عوام الناس کے امن میں خلل ڈالنے کی اجازت نہیں دی جائے گی، شہریوں سے بھی گزارش ہے کہ وہ پولیس کے ساتھ تعاون کریں اور شہری کسی بھی مشکوک شخص یا سرگرمی کے بارے میں متعلقہ تھانہ، ایمرجنسی ہیلپ لائن "پکار– 15" یا "آئی سی ٹی ایپ"-15 پر فوری اطلاع کریں۔




# اسلام آباد پولیس تھانہ گولڑہ پولیس نے موثر کارروائی کرتے ہوئے شاہ اللہ دتہ ہائیکنگ ٹریل پر ملکی وغیر ملکی شہریوں کو اسلحہ کی نوک پر لوٹنے کی واردات میں ملوث اشتہاری مجرم کو گرفتار کرلیا

**گرفتار مجرم جڑواں شہروں میں ڈکیتی کے متعدد مقدمات میں مطلوب تھا، گرفتار مجرم کے قبضہ سے چھینا گیا مال مسروقہ اور وارداتوں میں استعمال ہونے والا اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد، مجرم سے مزید تفتیش جاری ہے**

انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد سید علی نا صر رضوی کے خصوصی احکامات پر اسلام آباد پولیس کا وفاقی دارالحکومت میں جرائم پیشہ عناصر کیخلاف بلا تفریق کارروائیوں کا سلسلہ جاری ہے، اس سلسلہ میں تھانہ گولڑہ پولیس نے جدید تکنیکی اور سائنسی تقاضوں پر تفتیش کرتے ہوئے شاہ اللہ دتہ ہائیکنگ ٹریل پر ملکی وغیر ملکی شہریوں کو اسلحہ کی نوک پر لوٹنے کی واردات میں ملوث اشتہاری مجرم کو گرفتار کرلیا، گرفتار مجرم کی شناخت واصب علی کے نام سے ہوئی ہے، گرفتار مجرم جڑواں شہروں میں ڈکیتی کے متعدد مقدمات میں مطلوب تھا، گرفتار مجرم کے قبضہ سے چھینا گیا مال مسروقہ اور وارداتوں میں استعمال ہونے والا اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد، مجرم سے مزید تفتیش جاری ہے، ڈی آئی جی آپریشنز سید شہزاد ندیم بخاری نے کہا کہ جرائم اور تشدد پر اسلام آباد پولیس بلاتفریق کارروائیاں عمل میں لارہی ہے، ایسے واقعات میں ملوث ملزمان کے خلاف سخت قانونی کارروائی عمل میں لا کر قرار واقعی سزا دلوا کر کیفر کردار تک پہنچایا جائے گا اور ملزمان کو ٹھوس شواہد کی روشنی میں چالان کیا جائے گا، انہوں نے مزید کہا کہ اسلام آباد پولیس شہریوں کے جان و مال کے تحفظ کے لئے تمام تر وسائل بروئے کار لارہی ہے، شہریوں سے بھی گزارش ہے کہ وہ پولیس کے ساتھ تعاون کریں اور کسی بھی مشکوک چیز یا سرگرمی کے بارے میں متعلقہ تھانہ، "پکار–15" یا" آئی سی ٹی-15" ایپ پر فوراً اطلاع دیں، تاکہ پولیس اور عوام کے تعاون سے معاشرے کو جرائم سے پاک کیا جاسکے۔



Tarjuman
# The Capital Police Islamabad
A publication of Public Relations Branch Islamabad Capital Police

Islamabad Police | WEDNESDAY MAY 01, 2024 | Islamabadpolice.gov.pk

## PUCAR -15

| | |
|---|---|
| Emergency Call | 4089 |
| Hoax Call | 3362 |
| Emergency Response | 305 |
| Minimum Response Time | 03 Min |
| Maximum Response Time | 08 Min |

## TRAFFIC

| | |
|---|---|
| Traffic Fine Ticket | 1717 |
| Major Violation | 831 |
| Fatal Accident | ---- |
| Driving License | 278 |
| Learner Permit | 458 |

## CRIME

| | |
|---|---|
| Total Crime Registered | 101 |
| Accused Arrested | 98 |
| Challan Submitted in Court | 48 |
| Stop & Search | 5414 |
| P.O / C.O Arrested | 40 |

## TECHNOLOGY

| | |
|---|---|
| Tenant Registration | 56390 |
| Employee Registration | 55092 |
| Vehicle Verification | 21063 |
| Lost & Found Reports | 13 |
| General Verification | 96416 |

# IG Islamabad holds orderly room; to address the concerns of officials







According to the details, the Inspector General of Police (IGP) Syed Ali Nasir Rizvi, holds an orderly room at Central Police Office Islamabad, to ensure timely and prioritized resolution of institutional and personal matters concerning police officers. The establishment of an orderly room aims to prioritize and address issues faced by police officers on a timely basis, emphasizing their welfare and issue resolution. The orderly room was attended by all divisions' police officers. During the orderly room, police officers brought forth both personal and official concerns before the IG Islamabad. Immediate directives were issued for the resolution of pressing matters, while directives were given to senior officers to address remaining issues promptly. On the occasion, the IG Islamabad Syed Ali Nasir Rizvi highlighted various measures taken for the welfare of police officers, including initiatives aimed at improving residence facilities, enhancing healthcare provisions, and raising educational standards. He assured all personnel of an open-door policy at his office, encouraging them to bring forward any concerns for immediate resolution. He further said that, the primary objective of the orderly room is not only to address the welfare, personal, and official issues of police officers but also to elevate their morale by prioritizing resolutions based on their well-being.


# IGP awards commendation certificates, cash prizes to officers for outstanding performance

According to the details, the Inspector General of Police (IGP) Islamabad Syed Ali Nasir Rizvi distributed commendation certificates and cash prizes among officers who showed outstanding performance in "Nasha Ab Nahi" tehreek, a public relations officer said. He said that Islamabad Police officers are actively taking action against drug dealers in the city along with raising awareness among citizens. In this regard, the IGP Islamabad held a meeting at the Central Police Office (CPO) in Islamabad with police officers who demonstrated outstanding performance in combating the drug menace. He commended the officers for their good duty performance and rewarded them with commendation certificates and cash rewards. He emphasized that all police officers should accelerate their efforts to combat drugs and make the federal capital drug-free.





# Police Khidmat Marakaz will be set up across the city for public convenience; says IGP



OFFICE OF THE
INSPECTOR GENERAL OF POLICE
ISLAMABAD

No.3-217/F-6/FC16366-65/G/CPO Dated: 29/04/2024

NOTIFICATION

Upon recommendation of Police Executive Board, Islamabad Police following Fees are hereby notified for various services rendered by ICT Police, Islamabad with immediate effect:-

| Sr.No. | Description of Services | Fee (in PKR) |
|---|---|---|
| 1. | Police Character Certificate | 1,000/- |
| 2. | Police General Verification | 1,000/- |
| 3. | Foreigner's Registration | 1,000/- |
| 4. | Motor Car Verification (Forensic) | 3,500/- |
| 5. | Motorcycle Verification | 1,000/ |
| 6. | Motor Car Verification | 1,500/- |

2. All concerned In-Charge's/Operator's posted in different facilitation center's shall ensure collection of above mentioned fee and deposit the same along with statement generated from their respective ID's in the welfare account of ICT Police.

3. This issues with the approval of Police Executive Board, Islamabad Capital territory Police.

AIG/General & Development
for Inspector General of Police
Islamabad

*Distribution:*

1. All DIG's/ICT Police, Islamabad.
2. All AIG's/ICT Police, Islamabad.
3. All SSP's/ICT Police, Islamabad.
4. SSP Operations, Islamabad
5. SSP (Safe City, Operations), ICT Police, Islamabad for necessary modification in the dashboards of Operators posted in Facilitation Centre's.
6. Accounts Officer, ICT Police, Islamabad, with the directions to ensure necessary compliance.
7. PRO, ICT Islamabad, for necessary publication.

According to details, following the special directives of the Inspector General of Police (IGP) Islamabad, Syed Ali Nasir Rizvi, Islamabad Police has decided to apply fees on services offered at Police Khidmat Markaz, a public relations officer said. He said that, in this regard, Islamabad Police has applied minimal fees similar to other provinces to further improve all services provided at Khidmat Markaz and digitize them. The IGP Islamabad stated that Islamabad Police is committed to providing services to citizens at their doorstep. However, Police Khidmat Markaz will be set up across the city for public convenience, he added. Meanwhile, the revenue obtained from Police Khidmat Markaz will not only be utilized for various public service projects but also for the welfare of police martyrs. He further emphasized that Islamabad Police is a force of martyrs and heroes and will fulfill all demands of public service without fail.

# IGP Islamabad Syed Ali Nasir Rizvi took a vital step for the convenience of citizens








According to details, following the special directives of the Inspector General of Police (IGP) Islamabad, Syed Ali Nasir Rizvi, the Islamabad Traffic Police has initiated a significant step under the “Doorstep Policy” for the citizens of Islamabad, a public relations officer said. He said that in this initiative, the Islamabad Traffic Police has introduced smart digital van to facilitate citizens in obtaining all travel-related services and driving licenses conveniently at their doorstep. However, on the first day of the initiative, traffic learner permits were issued to citizens at OPF College Sector H-8 Islamabad. The SSP Traffic Islamabad Muhammad Sarfraz Virk emphasized prioritizing the provision of all facilities related to driving licenses to citizens at their doorstep. He further said that, youngsters aged 18 can obtain their learner permits through the Digital Smart van, while citizens over 70 years old can avail all these facilities at home by calling the helpline number 03111101915. “Citizens are urged not to drive vehicles without driving licenses and to cooperate with Islamabad Traffic Police.”

# IIUI students delegation visits the Central Police Office; meets IGP







According to details, the student delegation of the Department of Political Science of International Islamic University Islamabad (IIUI) Islamabad visited the Central Police Office Islamabad and met with Inspector General of Police (IGP) Islamabad, Syed Ali Nasir Rizvi, a public relations officer said. He said that, a large number of students, senior officers of Islamabad Police were present on this occasion. During the visit, the IGP Islamabad delivered an awareness lecture to the students regarding the consequences of drug use and its prevention. He emphasized that the use of drugs among youth and especially in students is destructive to both their health and future. Therefore, the students should refrain from drugs themselves and to play their role in protecting their peers and community from the curse of drugs. He urged the educational institutions administration to cooperate with Islamabad Police in the ongoing "Nasha Ab Nahi" tehreek by organizing seminars to protect the youngsters. During the lecture, the IGP Islamabad also responded to the attendees' questions and briefed them about Islamabad Police legal actions against drug peddling. He highlighted that Islamabad Police will always bring individuals involved in drug-related businesses to justice. Furthermore, he said that with the cooperation of citizens the Islamabad Police is employing all means to make the city a safe place. At the conclusion of the event, IGP Islamabad and the students mingled, and the student delegation reaffirmed their full cooperation with Islamabad Police in the "Nasha Ab Nahi" tehreek.

## IGP Islamabad Syed Ali Nasir Rizvi has revamped the Dolphin Squad

According to details, Inspector General of Police (IGP) Islamabad, Syed Ali Nasir Rizvi, has revamped the Islamabad Police Dolphin Squad, a public relations officer said. He said that under the directives of the IGP Islamabad, young police officers have been deputed to the Dolphin Emergency Response Unit. These officers are also undergoing specialized training at the Police Lines Headquarters. IGP Islamabad stated that the revamping of the Dolphin Squad aims to enhance patrolling effectiveness in the federal capital. Islamabad Police is taking comprehensive measures to ensure the security of citizens and the role of the Dolphin Squad is crucial in curbing crime in the city, he added.

## Security officials briefed for effective duty



According to details, following the special directives of the Inspector General of Police (IGP), Islamabad, Syed Ali Nasir Rizvi, a special briefing was held for the officers deployed at Supreme Court of Pakistan (SCP) security duties regarding the better performance of their duties, a public relations officer said. He said that, the SP Judicial Protection Unit (JPU) Iqbal Khan briefed the security officers to maintain the law and order and prevent any untoward incident. Moreover, officers were briefed regarding duty in view of the current situation, the officers on squad duty were informed about being alert during patrolling and keeping a watchful eye on suspicious persons, strict orders were issued regarding proper uniforms and discipline. He further issued orders to the officers to be ready all the time and perform their duties in an effective manner. Islamabad Police is utilizing all available resources in order to maintain the law and order situation in the federal capital and the protection of life and property of citizens is among the top priorities.

# 24 drug peddlers arrested; huge cache of drugs recovered




According to details, in light of the special directives of the Inspector General of Police (IGP) Islamabad, Syed Ali Nasir Rizvi, Islamabad Police has launched a special "Nashaa Ab Nahi" tehreek to eradicate narcotics and keep the youngsters safe from the curse of drugs, a public relations officer said. He said that, during the last 24 hours, the Islamabad Police apprehended 24 drug peddlers from different areas of the city and recovered a huge cache of drugs from their possession. Following these directions, the Kohsar Police team arrested an accused namely Bilal and recovered 540 gram heroin from his possession. The Karachi Company Police team arrested an accused namely Nazeer Masih and recovered 10 liter liquor from his possession. The Ramna Police team arrested two accused namely Usman and Muhammad Mubeen and recovered 143 gram ice from their possession. Likewise, the Sumbal Police team arrested two accused namely Adnan and Aijaz and recovered 520 gram hashish and 110 gram heroin from their possession. The Tarnol police team arrested four accused namely Muhammad Sajjad, Sajid Mehmood, Muhammad Faisal, and Najeeb Ullah and recovered 2,540 gram heroin and 333 gram ice from their possession. The Industrial-Area Police team arrested an accused namely Shakeel and recovered 20 liter liquor from his possession. Similarly, the Sabzi Mandi Police team arrested two accused namely Sharafat Hussain and Atif Muneer and recovered 110 gram heroin and 55 gram ice from their possession. The Khanna Police team arrested an accused namely Qaiser Hafeez and recovered 110 gram ice from his possession. The Kirpa Police team arrested an accused namely Muhammad Iftikhar and recovered 25 gram ice from his possession. Furthermore, the Lohi Bher Police team arrested two accused namely Rizwan Hafeez and Shahzeb Masih and recovered 600 gram ice from their possession. The Phulgran Police team arrested an accused namely Nabeel and recovered 530 gram heroin and 50 gram ice from his possession. The Bara Kahu Police team arrested an accused namely Shahzad and recovered 1,068 gram hashish from his possession. Moreover, the Nilore Police team arrested two accused namely Yasir and Istakhar ul Haq and recovered 1,340 gram heroin from their possession. The Shahzad Town Police team arrested three accused namely Behram Khan, Khalid Meer, Iftikhar Hussain and recovered 1,094 gram heroin, 57 gram ice, and 20 liter liquor from their possession. Cases have been registered against the nabbed accused and further investigation is underway. DIG Operations Islamabad Syed Shahzad Nadeem Bukhari, directed the police officials to further intensify the crackdown against the criminal elements. "Safety and security of the citizens is our foremost priority and no laxity will be tolerated in this regard", he maintained.




# Four members of two criminal gangs held; eight stolen motorbike and weapons recovered




Islamabad Police Industrial-Area and Aabpara police teams arrested four wanted members of bike lifter gangs involved in numerous bike theft activities and recovered eight motorbikes and weapons used in crime from their possession, a public relations officer said. He said that following the special directives of the Inspector General of Police (IGP) Islamabad, Syed Ali Nasir Rizvi, the Islamabad Police has intensified crackdown against the criminal elements in order to eliminate crime from the city. Following these directions, the Aabpara Police team used technical and human resources and succeeded in apprehending a wanted member of the bike lifter gang involved in numerous theft activities. The accused were identified as Ejaz Hussain. Police team also recovered three stolen motorbikes from his possession. Cases have been registered against the accused and further investigation is underway. While the Industrial-Area Police team used technical and human resources and succeeded in apprehending three wanted members of a motorbike lifter gang. The accused were identified as Abdullah, Waseem Akhter and Shan Masih. Police team also recovered five stolen motorbikes and weapons from their possession. Cases have been registered against the accused and further investigation is underway. DIG Operations Syed Shahzad Nadeem Bukhari directed all senior officials for effective crackdown against the accused involved in criminal activities and ensured the safety of lives and property of citizens on priority basis.




# Wanted absconder arrested involved in dacoity cases




According to the details, the Islamabad Police Golra police station teams have arrested an absconder involved in dacoity and recovered snatched valuables and weapons recovered from his possession, a public relations officer said. He said that, following the special directions of the Inspector General of Police (IGP) Islamabad, Syed Ali Nasir Rizvi, the special tasks were assigned to all senior police officials to ensure the arrest of proclaimed offenders and absconders involved in heinous crimes. Following the special directions the Golra police team arrested wanted absconder namely Wasib Ali and recovered snatched mobile phone and weapons from his possession while further investigation is underway. DIG Operations Islamabad Syed Shahzad Nadeem Bukhari, directed all senior officials for an effective crackdown against the accused involved in criminal activities and to ensure the safety of lives and property of citizens on a priority basis. Islamabad Police adopts a zero-tolerance policy against violence, including injustices and crimes, and the accused involved in it will be brought to justice by taking strict legal action against them. He further directed all officers and officials to intensify the crackdown against the criminal elements. "Safety and security of the citizens is our foremost priority and no laxity will be tolerated in this regard."

# Farewell ceremony held in honour of outgoing DIG Security Division

According to the details, a farewell ceremony was held at the Central Police Office Islamabad in honor of DIG Security Division Awais Ahmad, who was transferred from Islamabad Capital Police, a public relations officer said. He said that, the ceremony was attended by Inspector General of Police (IGP) Islamabad Syed Ali Nasir Rizvi and senior police officer of Islamabad Police. IG Islamabad appreciated the service rendered by DIG Awais Ahmad and said that a good police officer is one who performs his duties with dignity and hard work and as a leader he is always at the front and leads his subordinates. He congratulated DIG Awais Ahmad on his new appointment and wished him best of luck for his future endeavors. DIG Awais Ahmad served as DIG Headquarters, DIG Operations and DIG Security Division during his service in Islamabad Police.



# Safe City Islamabad continues to undertake effective measures against criminals

According to details, following the special directives of the Inspector General of Police (IGP) Islamabad, Syed Ali Nasir Rizvi, the Islamabad Police is overseeing effective surveillance in Islamabad for the protection of citizens along with taking effective actions against criminals, a public relations officer said. He said that through the Safe City Command and Control Center, the incorporation of citizens, tenants, and domestic workers data is being implemented with the help of modern software. Last year, 455,937 citizens' data was registered in the Hotel Eye software, 26,500 in the tenant registration software and 24,513 in the entry-exit management system. Additionally, with the assistance of this new software, 26 criminals were arrested last year and transferred to various police stations. DIG Safe City/ Traffic stated that the establishment of Safe City Islamabad aims not only to reduce the crime rate in the city but also to provide better facilities to the citizens. The Safe City command and control center where suspected activities are monitored and actions such as e-challans, effective traffic management, data analysis, identification of criminals, and the use of softwares like Auto Number Plate Readers (ANPR) and Hotel Eye contribute to reducing the crime rate. He further added that Hotel Eye software monitored every individual residing in hotels, hostels, and shelter homes in the city, and citizens can report any suspicious person or activity to Islamabad Police helpline "Pucar-15" or at the "ICT-15" app.

# Islamabad Police has initiated a crackdown against professional beggars

According to details, following the special directives of the Deputy Inspector General of Police (DIG) Operations, Syed Shahzad Nadeem Bukhari, the Islamabad Police has initiated a crackdown against professional beggars, a public relations officer said. He said that during the past 24 hours, Islamabad Police conducted operations against professional beggars and their facilitators in various areas, resulting in the arrest of 51 professional beggars and the filing of cases against them. Additionally, underage children were transferred to shelters. The DIG Operations issued clear instructions to zonal SPs to continue daily operations against beggars under their supervision. He urged citizens not to give alms to professional beggars and to discourage them. If professional beggars are spotted in commercial or residential areas, citizens are encouraged to immediately call the police at "Pucar-15". Furthermore, he emphasized that the primary priority of Islamabad Police is the protection of life and property of the citizens.

# Social Media Corner Islamabad Police

**Islamabad Police**
50 m ·

آئی جی اسلام آباد سید علی ناصر رضوی کی ہدایت پر اسلام آباد پولیس کا کھلی کچہریوں کا سلسلہ جاری۔

ایس پی رورل فاروق امجد بٹرنے تھانہ پھلگراں کی علاقے میں کھلی کچہری کا انعقاد کیا،لوگوں کے مسائل سنے اور متعلقہ افسران کو حل کرنے کی ہدایات جاری کیں۔

#ICTP #IslamabadPolice #OPS



**Islamabad Police**
31 m ·

ڈی آئی جی آپریشنز سید شہزاد ندیم بخاری نے دوران چیکنگ فیملی سے غیرمناسب رویہ اپنانے اور نکاح نامہ طلب کرنے پر سخت نوٹس۔

ایس پی سواں نے وقوعہ کی انکوائری کی۔وقوعہ میں ملوث دو پولیس افسران کو معطل کردیا گیا۔

عوام کی شکایات کا ازالہ نہ کرنے اور ناقص تفتیش پر پانچ پولیس افسران محکمہ سے برخاست۔

ایسے واقعات ہرگز قابل قبول نہیں۔تمام افسران کو بارہا تنبیہ کی گئی کہ چیکنگ کے دوران نہ تو منہ سونگھنا ہے نہ نکاح نامہ طلب کرناہے۔ڈی آئی جی آپریشنز

شہریوں کے ساتھ غیرمناسب رویہ ہرگز برداشت نہیں کیا جائے گا۔ ڈی آئی جی آپریشنز

#ICTP #IslamabadPolice #OPS

Faizan Khan and 138 others 24 comments • 5 shares

Like Comment Send Share

**Islamabad Police**
1 h ·

منشیات کا استعمال خود کشی کے مترادف ہے۔

شہری منشیات کے خلاف تحریک میں اسلام آباد پولیس کا ساتھ دیں کیونکہ "نشہ!اب نہیں"

#ICTP #IslamabadPolice
#Nasha_Ab_Nahi

#نشہ_اب_نہیں

